# ڈسٹرکٹ پبلک سکول اینڈ کالج دیپال پور


## ای۔لرننگ پروجیکٹ

## چھٹیوں کا کام / ٹیوٹریل لنکس / جائزہ / سرگرمیاں

سیشن ۲۰۲۰ءتا۲۰۲۱ء

**جماعت: پنجم**

**مضمون: اسلامیات**



نام طالبعلم / طالبہ:

___________

سیکشن: ___________

رول نمبر: __________

**تاریخ: ۶-جولائی ۲۰۲۰ء** **دن: پیر**


**ٹیوٹر لنک:** https://www.youtube.com/watch?v=J3vmZ9CoXZ0

## سبق: (سنت نبوی کی اہمیت)

**تدریسی مقاصد:** طلبہ میں سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کا جذبہ اجاگر کرنا اور سنت نبوی پر عمل کرنا سکھانا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے احکامات کے مطابق زندگی گزارنے کی ترغیب دینا۔

**مفہوم:** سنت کے لفظی معنی راستہ اور طریقہ کے ہیں وہ طریقہ جس پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کے ساتھیوں نے عمل کیا ہو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اعمال اور افعال کو سنت کہتے ہیں اللہ تعالی نے وحی کے ذریعے اپنا پیغام رسول صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچایا بلکہ اپنے عمل کے ذریعے اس کی مکمل تشریح بھی کردی ارکان اسلام کے بارے میں بھی ہمیں سنت نبوی سے معلومات حاصل ہوتی ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک زندگی ہمارے لیے بہترین نمونہ ہیں آپ نے جو کام کرنے کا حکم دیا اس پر عمل کرکے بھی دکھایا اگر ہم سنت نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر عمل کریں گے تو یقینا دنیا اور آخرت دونوں میں کامیاب ہوں گے۔۔

**پڑھائی کیجیے:**



(ج) سُنّتِ نبوی کی اہمیت

سُنّت کے لفظی معنی راستہ اور طریقہ کے ہیں۔ نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کے اعمال اور افعال کو سُنّت کہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے وحی کے ذریعے اپنا پیغام رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم تک پہنچایا۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے اللہ تعالیٰ کا پیغام نہ صرف لوگوں تک پہنچایا، بلکہ اپنے عمل کے ذریعے اس کی مکمل تشریح بھی کر دی۔ یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کی زندگی کو بہترین نمونہ قرار دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ (21:33)

ترجمہ: یقیناً تمہارے لیے اللہ کے رسولؐ (کی زندگی) میں عمدہ نمونہ ہے

عنوان: ارکان اسلام اور سنت نبوی!

**ارکانِ اسلام اور سُنّتِ نبوی:**

ارکانِ اسلام اپنانے کا حکم تو قرآن مجید میں موجود ہے مگر کون سا رکن کس طریقے سے ادا کرنا ہے، اس کی وضاحت سُنّتِ نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم سے ہوتی ہے۔ ارکانِ اسلام میں سب سے زیادہ اہمیت نماز کی ہے۔ قرآن مجید میں متعدد مقامات پر نماز پڑھنے کا حکم دیا گیا ہے مگر قرآن مجید میں نماز ادا کرنے کا طریقہ اور اس کے اوقات کی وضاحت موجود نہیں ہے۔ اس سلسلے میں ہمیں سُنّتِ نبویؐ سے مکمل راہنمائی حاصل ہوتی ہے۔ رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا "تم اس طرح نماز پڑھو، جس طرح تم مجھے نماز پڑھتے ہوئے دیکھتے ہو"۔ اسی طرح زکوٰۃ بھی اسلام کا ایک اہم رکن ہے۔ قرآن مجید میں بار بار زکوٰۃ کی ادائیگی کی تاکید کی گئی ہے، لیکن زکوٰۃ کے نصاب اور اس کی دیگر تفصیلات کی وضاحت سُنّتِ نبویؐ سے ہوتی ہے۔ ماہِ رمضان کے روزوں کی فرضیت قرآن مجید سے ثابت ہے، مگر ان کے مسائل اور احکام کی وضاحت کے لیے ہمیں سُنّتِ نبویؐ کی طرف رجوع کرنا پڑتا ہے۔ حج بھی اسلام کا ایک اور اہم رکن ہے۔ اس کی ادائیگی کا حکم قرآن مجید میں موجود ہے۔ حج کی ادائیگی کی تفصیل ہمیں سُنّتِ نبویؐ سے ملتی ہے (نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم

15

Not For Sale - PESRP

| الفاظ | معانی |
| --- | --- |
| تشریح۔ | وضاحت |
| ارکان | رکن کی جمع |
| مناسک | حج کی ادائیگی کے طریقے |
| مبارک | برکت والی |
| زکوۃ | پاک کرنا |
| اتباع کرنا | پیروی کرنا |

**دستخط والدین:** ___________

**تاریخ:** ۷-جولائی ۲۰۲۰ء **دن:** منگل

**ٹیوٹر لنک:** https://www.youtube.com/watch?v=lnqMC9Z_KSM&t=18s

## سبق: سنت نبوی کی اہمیت (مشق)

**ا: سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا مراد ہے؟**

**جواب:** سنت کے لفظی معنی راستہ اور طریقہ کے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اعمال اور افعال کو سنت کہتے ہیں وہ طریقہ جس پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے ساتھیوں نے عمل کیا ہو۔

**جواب:** ____________________________________________

____________________________________________

______________________

**ب: نماز کے حوالے سے سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی کیا اہمیت ہے؟**

**جواب:** ارکان اسلام میں سب سے زیادہ اہمیت نماز کی ہے قرآن مجید میں متعدد مقامات پر نماز پڑھنے کا حکم دیا گیا ہے مگر قرآن مجید میں نماز ادا کرنے کا طریقہ اور اس کے اوقات کی وضاحت موجود نہیں ہے اس سلسلے میں ہمیں سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے مکمل رہنمائی حاصل ہوتی ہے۔ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تم اس طرح نماز پڑھو جس طرح تم مجھے نماز پڑھتے ہوئے دیکھتے ہو۔

**جواب:**

**ج: حج کے طریقے کے بارے میں رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا کیا فرمان ہے؟**

**جواب:** حج کی ادائیگی کا طریقہ ہمیں سنت نبوی سے ملتا ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے حج کے طریقے اور مناسک مجھ سے اچھی طرح سے سیکھ لو یعنی کہ حج کی ادائیگی کے طریقے مجھ سے سیکھ لو۔

**جواب:**

**د: اتباع رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اہمیت بیان کریں۔**

**جواب:** سنت نبوی کو عملی زندگی میں بڑی اہمیت حاصل ہے حاکم ہو یا محکوم، جنرل ہو یا سپاہی، امیر ہو یا غریب، استاد ہو گیا طالب علم غرض زندگی کے کسی بھی شعبے سے تعلق رکھتا ہو اس کے لیے سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم نے مکمل رہنمائی موجود ہے اگر ہم سنت نبوی پر عمل کریں گے تو یقیناً دنیا اور آخرت دونوں میں کامیاب ہوں گے۔

**جواب:**

**ہ: سنت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اہمیت کے حوالے سے قرآن مجید کی ایک آیت کا ترجمہ تحریر کریں۔**

**جواب:** (ترجمہ) یقیناً تمہارے لیے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں عمدہ نمونہ ہے۔

جواب:ــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــ

ــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــ

ــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــ

**درست جواب پر () کانشان لگائیں:۔ تاریخ:** 8-جولائی-2020 دن: بدھ

**ا: اللہ تعالیٰ نے اپنا پیغام رسول صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچایا:**

ا: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ذریعے ب: حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ذریعے

ج: وحی کے ذریعے د: جنات کے ذریعے

**ب: کس مہینے کے روزے فرض ہیں؟**

ا: شعبان ب: رمضان ج: شوال د: ذی الحج

**ج: سنت کے کیا معنی ہیں؟**

ا: طریقہ ب: گھر ج: کامیابی د: فضیلت

**د: حج کی ادائیگی کی تفصیل ہمیں کہاں سے ملتی ہے؟**

ا: زبور سے ب: سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے

ج: قرآن مجید سے د: تورات سے

**ہ: ہم سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم پر عمل کرنے سے کامیاب ہوں گے۔**

ا: دنیا میں ب: برزخ میں ج: آخرت میں د: دنیا اور آخرت میں

**خالی جگہ پر کریں۔**

**وحی، نماز، عمل، رکن، سنت نبوی،**

ا: اللہ تعالیٰ نے____________کے ذریعے اپنا پیغام رسول صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچایا۔

ب: ارکان اسلام میں سب سے زیادہ اہمیت ____________ کی ہے۔

ج: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کام کرنے کا حکم دیا اس پر ____________ کر کے بھی دکھایا۔

د: حج اسلام کا ایک اہم ____________ ہے۔

ہ: روزے کے مسائل اور احکام کی وضاحت کے لئے ہمیں ____________ کی طرف رجوع کرنا پڑتا ہے۔

**درست اور غلط جملوں پر نشان لگائیں:**

ا: اللہ تعالی کے آخری نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔

ب: اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام پر قرآن مجید نازل فرمایا۔

ج: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی خواہش سے کوئی بات بھی نہیں کہتے۔

د: صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنہ زندگی کے ہر معاملے میں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیروی کرتے تھے۔

ہ: ارکان اسلام میں سب سے زیادہ اہمیت حج کی ہے۔

**دستخط والدین:** ____________________

**تاریخ:** ۱۳-جولائی ۲۰۲۰ء **دن:** پیر

**(جائزہ)**

**سبق: سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی اہمیت:**

**مختصر جواب دیں:**

**ا: سنت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کیا مراد ہے؟**

**جواب:** ____________________________________________

____________________________________________

____________________________________________

**ب: اتباع رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اہمیت بیان کریں:**

جواب:______________________________________________________________________

______________________________________________________________________

______________________________________________

ج:حج کے طریقے کے بارے میں رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کیا فرمان ہے؟

جواب:______________________________________________________________________

**خالی جگہ پر کریں:**

ا: ارکان اسلام میں سب سے زیادہ اہمیت_____________کی ہے۔

ب: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو کام کرنے کا حکم دیا اس پر___________کر کے بھی دکھایا۔

ج: حج اسلام کا ایک اہم رکن ہے۔

**درست اور غلط جملوں کے سامنے نشان لگائیں:**

**ا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی خواہش سے کوئی بات بھی نہیں کہتے۔**

**ب: ارکان اسلام میں سب سے زیادہ اہمیت آج کی ہے۔**

**ج: اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام پر قرآن مجید نازل فرمایا۔**

**دستخط والدین:**________________

**تاریخ:** ۱۴-جولائی ۲۰۲۰ء دن: منگل

ٹیوٹر لنک: https://www.youtube.com/watch?v=J3iSWCYTqeE

## سبق: جمعہ وعیدین دین: (تعارف اور معاشرتی اہمیت)

**تدریسی مقاصد:** طلباء کو جمعہ کی اذان سے لے کر نماز جمعہ کی ادائیگی تک عبادت کا بتانا طلبہ کو عیدین کی معاشرتی اہمیت سے آگاہ کرنا۔

**مفہوم:** اسلام میں اجتماعی عبادت کو بڑی اہمیت حاصل ہے اجتماعی عبادت کا مقصد یہ ہے کہ مسلمان آپس میں مل جل کر رہے انہیں ایک دوسرے کے مسائل کا علم ہوسکے باہمی تعلقات استوار کو آپس میں ہمدردی اور محبت پیدا ہو جمعہ کی نماز مسلمانوں پر فرض ہے نماز جمعہ ظہر کے وقت باجماعت ادا کی جاتی ہے جمعہ کا دن ہفتے کے تمام دنوں میں سب سے زیادہ فضیلت والا دن ہے نماز جمعہ کے لیے نہا کر صاف کپڑے پہن کر خوشبو لگا کر مسجد میں جانا چاہیے اسلام میں خوشی

کے جو تہوار منا ئے جاتے ہیں ان میں سے ایک عید الفطر اور دوسرا عید الاضحی ہے یہ تہوار ایک طرف مسلمانوں کو اللہ تعالی کا شکر ادا کرنے اور دوسری طرف ایک دوسرے سے مسلمانوں کی مدد کا ذریعہ بھی بنتے ہیں نماز عید کے بعد سارے مسلمان ایک دوسرے سے مصافحہ کرتے اور گلے ملتے ہیں اور ہر قسم کی نفرتوں اور رنجشوں کو ختم کر دیتے ہیں امیر غریب سب خوشیوں میں شریک ہوکر اخوت اور بھائی چارے کی عمدہ مثال پیش کرتے ہیں۔

پڑھائی کیجیے: کتاب صفحہ نمبر 19، 20، 21، 22,

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| اجتماعی | مجموعی طور پر |
| ہمدردی | درد مندی |
| عیدین | دو عیدیں |
| اخوت | بھائی چارہ |
| عمدہ | بہترین |
| رنجش | ناراضگی |
| مصافحہ کرنا | ہاتھ سے ہاتھ ملانا |

دستخط والدین:________________

**تاریخ:** ۱۵-جولائی۲۰۲۰ء    دن: بدھ

ٹیوٹر لنک: https://www.youtube.com/watch?v=mjQgJ0F06FQ

## سبق: جمعہ و عیدین (مشق)

**مختصر جواب دیں:**

**ا: اجتماعی عبادت کا کیا مقصد ہے؟**

**جواب:** اجتماعی عبادت کا مقصد یہ ہے کہ مسلمان آپس میں مل جل کر رہیں۔انہیں ایک دوسرے کے مسائل کا علم ہوسکے ،باہمی تعلق خو شگوار ہو، آپس میں ہمدردی اور محبت پیدا ہو۔

جواب:

ب: نماز جمعہ کا تعارف لکھیں۔

جواب: جمعہ کی نماز مسلمانوں پر فرض ہے۔نماز جمعہ شرعی عزر کے بغیر ترک نہیں کی جا سکتی۔نماز جمعہ ظہر کے وقت باجماعت ادا کی جاتی ہے۔نماز جمعہ میں دو اذانیں دی جاتی ہیں۔

جواب:

ج: نماز جمعہ کے چند آداب بیان کریں۔

جواب: 1:نماز جمعہ کے لیے نہا کر ، صاف کپڑے پہن کر خوشبو لگا کر مسجد میں جانا چاہیے۔

:2مسجد میں جہاں جگہ ملے وہیں بیٹھ جا نا چاہے۔

3:۔نماز جمعہ کا خطبہ تو جہ اور خا نوشی سے سننا چا ہیے۔

جواب:

**د: عیدین کی معاشرتی اہمیت تحریر کریں۔**

جواب: نماز عید کے بعد سارے مسلمان ایک دوسرے سے مصافحہ کرتے اور گلے ملتے ہیں۔ہر قسم کی نفرتوں اور رنجشوں کو ختم کر دیتے ہیں۔اس عمل سے معا شرے میں محبت اور الفت کا اِظہار ہو تا ہے۔

جواب:

**ہ: عیدین کے چند آداب لکھیں۔**

جواب: عید کی نماز کے لیے نہا دھو کر صاف کپڑے پہننا اور خوشبو لگا نا سنت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔عید گاہ کی طرف جانے اور واپسی کے لیے الگ الگ راستے اختیار کے جاتے ہیں۔

جواب:

---

---

**درست جواب پر( )نشان لگائیں:**

**ا: نماز جمعہ کس وقت ادا کی جاتی ہے ہے؟**

ا: فجر کے وقت ب: ظہر کے وقت ج: عصر کے وقت د: مغرب اور عشاء کے درمیان۔

**ب: نماز جمعہ میں کتنی فرض رکعت ہوتی ہے؟**

ا: دو ب: تین ج: چار د: چھے

**ج : نماز جمعہ کی ادائیگی سے گناہ معاف ہوجاتے ہیں۔**

ا: تین دن کے ب: ہفتہ بھر کے ج: مہینہ بھر کے د: سال بھر کے

**د: عید الفطر کب منائی جاتی ہے؟**

ا: یکم شعبان ب: یکم رمضان میں ج: دس ذوالحج د : یکم شوال

**ہ: عید الاضحی کن کی قربانی کی یادمنائے منا ئی جاتی ہے۔**

ا: حضرت آدم علیہ السلام ب: حضرت نوح علیہ السلام

ج: حضرت ابراہیم علیہ السلام د: حضرت عیسی علیہ السلام سلام

**خالی جگہ پر کریں :**

جمعہ، شرعی عزر، فطرانہ ، ماہ ذی الحج ، جانوروں

ا: نماز جمعہ کو بغیر ____________ عزر کے ترک نہیں کیا جا سکتا۔

ب: رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے__________ کے دن کو افضل دن قرار دیا ہے۔

ج: اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو حکم دیا کہ وہ عید الفطر کے موقع پر__________ ادا کریں۔

د: عید الاضحی ______________ کی دس تاریخ کو منائی جاتی ہے۔

ہ: عید الاضحی کے موقع پر______________ کی قربانی کی جاتی ہ

کالم ءالف، کو کا کم ,ب، سے ملائیں :

| کالم الف۔ | کالم ب |
|---|---|
| ا: جمعہ کا دن ہفتے کے تمام دنوں میں سب سے | وہیں بیٹھ جانا چاہیے |
| ب: مسجد میں جہاں جگہ ملے۔ | زیادہ فضیلت والا دن ہے۔ |
| ج: عید الاضحی حضرت ابراہیم علیہ السلام کی | عظیم قربانی کی یاد میں منائی جاتی ہے۔ |
| د: عید الفطر رمضان کے روزے مکمل ہونے کی خوشی میں | مصافحہ کرتے ہیں اور گلے ملتے ہیں۔ |
| ہ: نماز عید کے بعد سارے مسلمان ایک دوسرے سے | یکم شوال کو منائی جاتی ہے۔ |

دستخط والدین:______________

**تاریخ: ۲۰-جولائی۲۰۲۰ء** دن:پیر

**(جائزہ)**

**سبق: جمعہ وعیدین**

**مختصر جواب دیں:**

**ا: اجتماعی عبادت کا کیا مقصد ہے؟**

جواب: ______________________________________________

______________________________________________

**ب: نماز جمعہ کے چند آداب بیان کریں:**

جواب:________________________________________________

________________________________________________________

**ج: عیدین کی معاشرتی اہمیت تحریر کریں:**

جواب:________________________________________________

________________________________________________________

**خالی جگہ پر کریں:**

ا: نماز جمعہ کو بغیر__________ کے ترک نہیں کیا جاسکتا۔

ب: اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو حکم دیا کہ وہ عید الفطر کے موقع پر __________ادا کریں۔

ج: رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ________ کے دن کو افضل دن قرار دیا ہے۔

د: عیدالاضحیٰ________ کی دس تاریخ کو منائی جاتی۔

ہ: عید الاضحی کے موقع پر__________' کی قربانی پیش کی جاتی ہے۔

دستخط والدین:__________________

**تاریخ:** ۲۴-جولائی ۲۰۲۰ء **دن:** جمعہ

ٹیوٹر لنک:https://www.youtube.com/watch?v=fSa3A50oC5M

**سبق: روزے کا تعارف اور اہمیت**

**تدریسی مقاصد:** طلباء کو روزے کا معنی و مفہوم سمجھانا اور بچوں کو روزے کی اہمیت اور فضیلت اور فوائد کے بارے میں بتانا۔

**مفہوم:** روزہ اسلام کا اہم رکن ہے روزے کو عربی میں صوم کہتے ہیں جس کے لفظی معنی ہی رک جانا ٹھہر جانا خاموش رہنا وغیرہ وغیرہ اسلام میں روزے سے مراد اللہ تعالیٰ کی خوشنودی اور رضا حاصل کرنے کے لیے صبح صادق سے لے کر غروب آفتاب تک کھانے پینے سے رکے رہنا ہے سے روزہ ہر عاقل اور بالغ مسلمان پر فرض ہے روزے کی وجہ سے

معاشرے کے تنگ دست لوگوں کی تکلیف کا احساس پیدا ہوتا اور ان کی مدد کا جذبہ پراون چڑھتا ہے۔رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالی فرماتا ہے روزہ خاص میرے لیے ہے اور میں خود ہی اس کا اجر دوں گا روزہ دار چھوٹی اور بڑی برائیوں سے بچا رہتا ہے روزہ گناہوں سے بچنے کا بہترین ذریعہ ہے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ رمضان صبر کا مہینہ ہے اور صبر کا ثواب جنت ہے۔

**پڑھائی کیجیے: صفحہ نمبر: 24،25**

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| صبح صادق | نور کا تڑکا |
| عاقل | عقل مند |
| بالغ | جوان |
| مشغول | مصروف |
| اوصاف | وصف کی جمع ہے،خوبی |
| نادار | غریب، محتاج |
| تنگ دست۔ | مالی طور پر کمزور |
| ضبط نفس | اپنے آپ پر قابو رکھنا |

دستخط والدین: ______________

**تاریخ:** ۲۵-جولائی۲۰۲۰ء **دن:** ہفتہ

ٹیوٹر لنک:https://www.youtube.com/watch?v=j7C58f_kEtc

**سبق: روزے کا تعارف اور اہمیت ( مشق)**

**مختصر جواب دیں:**

**ا: روزے کا مفہوم تحریر کریں:**

**جواب:** روزہ اسلام کا اہم رکن ہے روزے کو عربی میں ء صوم ،کہتے ہیں جس کا لفظی معنی ہیں رک ، جانا ٹھہر جانا ،خاموش رہنا وغیرہ۔

جواب: ________________________________

________________________________________

**ب: روزے کی فرضیت کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا کیا حکم ہے؟**

**جواب:** روزہ ہر عاقل اور بالغ مسلمان پر فرض ہے روزے کی فرضیت کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ہے۔(ترجمہ) مومنو تم پر روزے فرض کئے گئے ہیں جس طرح تم سے پہلے لوگوں پر فرض کئے گئے تھے تاکہ تم پرہیزگار بنو۔

جواب: ________________________________

________________________________________

**ج: روزے کی معاشرتی اہمیت تحریر کریں۔**

**جواب:** روزہ کی وجہ سے معاشرے کے افراد میں قوت برداشت،وقت کی پابندی ، غیبت سے اجتناب اور پرہیز گاری کے اوصاف پیدا ہوتے ہیں۔روزہ رکھنے کی وجہ سے انسان کے دل میں دوسروں کی بھوک اور پیاس کا احساس پیدا ہوتا ہے غریبوں محتاجوں اور مالی طور پر کمزور لوگوں کے ساتھ ہمدردی ایثار اور محبت پیدا ہوتی ہے۔

جواب: ________________________________

________________________________________

**د: روزے کے فضائل مختصراً بیان کریں۔**

جواب: ماہ رمضان کا مہینہ صبر کا مہینہ ہے اور صبر کا ثواب جنت ہے اور یہ غم گساری کا مہینہ ہے اس مہینے میں مومن کا رزق بڑھا دیا جاتا ہے جو آدمی اس ماہ میں روزہ دار کا روزہ افطار کرائے تو اس کے گناہوں کی بخشش کا سبب ہو گا۔

رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: روزہ خاص میرے لیے ہے اور میں خود ہی اس کا اجر دوں گا۔

جواب: ________________________________

________________________________________

**ہ: روزے کے فوائد تحریر کریں۔**

جواب: 1: روزہ دار چھوٹی بڑی برائیوں سے بچا رہتا ہے۔

2:ایک دوسرے سے ہمدردی کا جذبہ اجاگر ہوتا ہے۔

:3روزہ رکھنے سے انسان کی صحت بہتر ہو جاتی ہےاور وہ کئی بیماریوں سے بچا رہتا ہے۔4: اللہ تعالی روزہ دار کے پچھلے گناہوں کو معاف کر دیتا ہے۔

جواب:________________________________________________

________________________________________________

**تاریخ: ۲۷-جولائی ۲۰۲۰ء**

دن: پیر

**درست جواب پر(√ ) نشان لگائیں :**

**ا: روزہ رکھنے سے دوسروں کے ساتھ کس طرح کا جذبہ اجاگر ہوتا ہے؟**

ا: ہمدردی کا ب:۔دشمنی کا۔ ج: حقارت کا د: حسد کا

**ب: صوم کے لفظی معنی کیا ہیں؟**

ا: برداشت کرنا ب: رک جانا ج: صبر کرنا د: انتظار کرنا

**ج: اللہ تعالی نے کس عبادت کو ہر الہامی مذہب میں فرض قرار دیا ہے؟**

ا: صدقہ و خیرات ب: حج ج: زکوۃ

د: روزہ

**د: اللہ تعالی نے کس مہینے میں قرآن مجید نازل کیا؟**

ا: محرم میں ب: ربی ا الاول میں ج: رمضان میں د: رجب میں

**ہ: لیلۃ القدر میں عبادت کا ثواب کتنے مہینے کی عبادت سے بھی زیادہ ہے؟**

ا: ایک سو ب: ایک ہزار ج: پانچ ہزار د: دس ہزار

خالی جگہ پر کریں :

صوم ، گناہ ، بیماریوں، گناہوں ، مساجد۔

ا: روزے کو عربی میں ____________ کہتے ہیں.

ب: اللہ تعالیٰ روزے دار کے پچھلے ____________ معاف کر دیتا ہے۔

ج: رمضان المبارک میں لوگ کثرت سے ____________ کا رخ کرتے ہیں۔

د: روزے رکھنے سے انسان کی صحت بہتر ہو جاتی ہے اور وہ کی بیمار یوں سے بچا رہتا ہے۔

ہ: روزہ ____________ سے بچنے کا بہترین ذریعہ ہے۔

دستخط والدین:____________

**تاریخ:** ۳۰-جولائی ۲۰۲۰ء **دن:** جمعرات

**سبق:۔(روزے کا تعارف اور اہمیت) (جائزہ)**

**مختصر جواب دیں :**

**ا: روزے کی فرضیت کے بارے میں اللہ تعالی کا کیا حکم ہے؟**

جواب:____________

**ب: روزے کے فوائد تحریر کریں :**

جواب: ____________

____________

**ج: روزے کا مفہوم تحریر کریں۔**

جواب:______________________________________________

______________________________________________

**خالی جگہ پر کریں :**

ا: روزے کو عربی میں ____________کہتے ہیں۔

ب: اللہ تعالی روزہ دار کے پچھلے ____________معاف کر دیتا ہے۔

ج: رمضان المبارک میں لوگ کثرت سے____________ کا رخ کرتے ہیں۔

د: روزہ رکھنے سے انسان کی صحت بہتر ہو جاتی ہے اور وہ کئی ____________ سے بچا رہتا ہے۔

ہ: روزہ____________ سے بچنے کا بہترین ذریعہ ہے۔

**درست جواب پر () کا نشان لگائیں :**

**ا: صوم کے لفظی معنی کیا ہیں؟**

ا: برداشت کرنا　　ب: رک جانا　　ج: صبر کرنا　　د: انتظار کرنا

**ب: لیلۃ القدر میں عبادت کا ثواب کتنے مہینے کی عبادت سے بھی زیادہ ہے؟**

ا: ایک سو　　ب: ایک ہزار　　ج: پانچ ہزار　　د: دس ہزار

دستخط والدین: ____________